**Text of Mid-Day Urdu News Bulletin**

**Time : 12:30PM**

**Date : 06-07-2026**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں طارق احمد

وزیراعظم دورہ

وزیراعظم نریندر مودی آج سے انڈونیشیا، آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے 6روزہ سرکاری دورے پر روانہ ہوئے۔ وہ انڈونیشیا کے صدر Prabowo Subianto کے ساتھ بھارت انڈونیشیا باہمی مفاد کے کئی معاملات پر
تبادلہ

---

خیال کریں گے۔ وزیراعظم جکارتا میں انڈین Diaspora سے بھی خطاب کریں گے۔ ۂ

نریندر مودی آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے وزرائے اعظم کے ساتھ باہمی مفادات اور دلچسپی کے مختلف معاملات پر تبادلہ

---

ۂ خیال کریں گے۔

امرناتھ

شری امرناتھ جی یاترا پہلگام اور سونہ مرگ دونوں راستوں سے احسن طریقے پر جاری ہے۔ یاترا کے تیسرے دن کل ریکارڈ تعداد میں 24ہزار سے زیادہ یاتریوں نے گپھا پر حاضری دیکر شیولنگم کے درشن کئے۔

یہ اس برس کے دوران اب تک ایک دن میں درشن کرنے والے یاتریوں کی سب سے بڑی تعداد ہے۔

دریں اثناءآج صبح گیارہ بجے تک12ہزار
479شردھالوو

ں نے گپھا پر حاضری دیکر شیولنگم کے درشن کئے۔ۓ

قافلہ

دریں اثناءیاتریوں کا ایک اور قافلہ آج جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے وادی کیلئے روانہ ہوا۔ یہ یاتری بھی پہلگام اور سونہ مرگ کے راستوں سے گپھا تک پہنچ کر بابابرفانی کے درشن کریں گے۔

یاتریوں نے انتظامیہ اور مقامی لوگوں کی جانب سے اُن کیلئے کئے گئے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔

ایل جی یاترا

اس دوران لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کل نُن وَن اور چندن واڑی کا دورہ کرکے یاترا کیلئے کئے گئے انتظامات کا زمینی سطح پر جائزہ لیا۔

انہوں نے کئی یاتریوں سے بات کرکے اُن کے تجربات کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

شیاماپرساد

قوم آج جن سنگ کے بانی ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی کو اُن کی جنم جینتی پر خراج عقیدت پیش کررہی ہے۔اس سلسلے میں ملک بھر میں کئی پروگرام منعقدہورہے ہیں۔

کلچر کی مرکزی وزارت اور مغربی بنگال کی حکومت کی مشترکہ اہتمام سے کولکتہ میں ایک پروگرام منعقد ہورہاہے، جس کی صدارت وزیر داخلہ امت شاہ اور کلچر کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیکھاوت کررہے ہیں۔

وزیراعظم نریندر مودی نے ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے انہیں شجاعت، قوم پرستی اور بے لوث خدمت کی ایک مثال قرار دیا ہے۔

ایل جی خراج

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی کو اُن کی جنم جینتی پر عقیدت کا خراج پیش کیاہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے لکھا ہے کہ آنجہانی نے اپنی پوری زندگی قوم میں رواداری کو یقینی بنانے اور عوام کے تئیں بے لوث خدمت مینصَرف کی۔

**عمرعبداللہ**

**سرکار نے راجوری ضلعے کے نوشہرہ علاقے مینقائم بس سٹینڈ کے اندر واقع کثیر منزلہ کمرشل کمپلیکس کی تجدید کاری کے منصوبے کو منظوری دی ہے۔ اس پروجیکٹ پر**

**8 کروڑ38 لاکھ روپے کی رقم خرچ کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر لکھا ہے کہ اس پروجیکٹ کی تکمیل سے نوشہرہ میں تجارتی ڈھانچے کی تجدید کاری یقینی بنے گی اور لوگوں کو جدید سہولیات دستیاب رہیں گی۔**

**گرمائی تعطیلات**

**وادی کے اول سے بارہویں جماعت تک کے سبھی سرکاری اور سرکار سے تسلیم شدہ پرائیویٹ اسکولوں میں آج سے 14دن کی گرمائی چھٹیونکا آغازہوا۔**

**اس سلسلے میں محکمہ تعلیم کی جانب سے پہلے ہی ایک حکمنامہ جاری کیا گیا ہے۔ حکمنامے کے مطابق مذکورہ اسکول 20جولائی کو دوبارہ کھلیں گے۔**

**پولیس پریڈ**

**پیشہ ورانہ صلاحیت کے اعلیٰ معیار کو قائم رکھنے کی غرض سے اننت ناگ پولیس کے اہتمام سے آج ضلع کے مختلف مقامات پر پولیس پریڈ منعقد کی گئی۔**

**ہمارے نمائندے تصدق رشید کے مطابق اس موقعے پر پولیس کے افسروں نے اسلحہ اور دیگر سازوسامان کا معائنہ کیا۔پولیس اہلکاروں کو پیشہ ورانہ فرائض انجام دینے کے دوران نظم ونسق برقرار رکھنے کی ہدایت دی گئی۔**

**نتن نبین**

**بھارتیہ جنتا پارٹی کے قومی صدر نتن نبین آج سے جموں کے 2 روزہ دورے پر رہیں گے۔ پارٹی کی جانب سے جاری ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ نتن نبین تنظیمی سرگرمیوں کا جائزہ لینے کے علاوہ دیگر کئی پروگراموں میں بھی شرکت کریں گے۔**

**ڈوڈہ**

ڈوڈہ میں آج ہوئی بھاری بارش کے بعد NH44 پر پریم نگر کے نزدیک مٹی کے تودے گرآئے ہیں۔ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ اس صورتحال کے نتیجے میں ڈوڈہ کو کشتواڑ سے جوڑنے والی اس سڑک کو ٹریفک کی آمدورفت کیلئے بند کیا گیا ہے۔

سڑک کے اس حصے پر کئی گاڑیاں درماندہ ہوکر رہ گئی ہیں۔ متعلقہ حکام نے اس سلسلے میں ضروری کارروائی کا آغاز کیا ہے۔

کشمیر یونیورسٹی

17 ویں نیشنل یوتھ پارلیمنٹ مقابلہ میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والی کشمیر یونیورسٹی کے طالب علموں کی ٹیم کو کل نئی دلی کیلئے روانہ کیا گیا۔

یہ ٹیم وہاں ایک تقریب پر نیشنل یوتھ پارلیمنٹ کے چیمپیئن ہونے کا اعزاز حاصل کرے گی۔یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے مذکورہ ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ کشمیر کے نوجوان دوراندیشی اور اعتماد جیسی صلاحیتوں سے مالامال ہیں۔

امت شاہ

آج کوآپریشن کی مرکزی وزارت کا پانچواں یوم تاسیس منایا جارہاہے۔ اس سلسلے میں کوآپریشن کے مرکزی وزیر امت شاہ کی صدارت میں نئی دلی میں”سہکار سے سمردھی“ کے موضوع پر ایک تقریب منعقد ہورہی ہے۔

تقریب کے دوران مرکزی وزیر کئی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھنے کے علاوہ دیگر کئی پروجیکٹوں کو عوام کے نام وقف کریں گے۔